© rasailojaraid.com



درجہ حاصل تھا مدینہ یونیورسٹی کے شعبہ کلیۃ الحدیث میں علم حدیث کی تعلیم دیتے رہے۔ جامعہ سلفیہ فیصل آباد کو بھی یہ اعزاز حاصل رہا۔ کہ آپ ایسی نابغہ روزگار ہستی اس میں بطور مدرس تدریس فرائض سرانجام دیتی رہی ہے آپ کے شاگردوں کی تعداد سینکڑوں میں ہے اور عالم اسلام میں دعوت و تبلیغ میں مصروف ہیں آپ کی رحلت سے عالم اسلام ایک ممتاز عالم دین اور مخلص داعی سے محروم ہوا ہے۔ دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔

## مولانا محمد حسین کلیم کا سانحہ ارتحال

پاکستان کے معروف عالم دین خطیب حضرت مولانا محمد حسین کلیم طویل علالت کے بعد اللہ کو پیارے ہوگئے "انا للہ وانا الیہ راجعون" آپ حضرت مولانا محمد یحیٰی شرقپوری کے برادر خورد تھے اور حافظ مسعود عالم مدرس جامعہ سلفیہ کے چچا تھا آپ کا شمار پاکستان کے ممتاز دانشوروں میں ہوتا تھا ایک عرصہ سے آپ راولپنڈی میں بطور خطیب فرائض سرانجام دے رہے تھے آپ کی علمی وجاہت کی وجہ سے تمام مکاتب فکر کے علماء آپ کا بے حد احترام کرتے تھے آپ کی وفات سے ہم ایک ممتاز خطیب اور عالم دین سے محروم ہوئے ہیں جس کی کمی مدتوں پوری نہیں ہوسکے گی۔ دعاگو ہیں اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ نصیب فرمائے بشری لغزشوں کو معاف فرمائے اور آپ کے لواحقین خاص کر حضرت مولانا محمد یحیٰی صاحب شرقپوری اور مولانا حافظ مسعود عالم صاحب کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین، ادارہ جامعہ ان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

© rasailojaraid.com